پریس ریلیز

شیل پاکستان نے سال 2023 کے مالیاتی نتائج کا اعلان کر دیا

کراچی، پاکستان، 06مارچ 2024: شیل پاکستان لمیٹڈ (ایس پی ایل) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 31 دسمبر 2023ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے مالیاتی نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ اعلامیہ کے مطابق، کمپنی نے 2022ء میں 72 ملین روپے نقصان کے مقابلے میں 2023ء میں 5.8ارب روپے کا بعداز ٹیکس منافع حاصل کیا ہے۔

اکتوبر، 2023 میں شیل پیٹرولیم کمپنی لمیٹڈ، جو شیل پی ایل سی (شیل) کی ذیلی کمپنی ہے، نے اپنے 77.42 فیصد اکثریتی حصص وافی انرجی ایل ایل سی(Wafi Energy LLC)کو فروخت کرنے کے معاہدے پر دستخط کیے تھے۔ ٹرانزیکشن کی تکمیل مطلوبہ ریگولیٹری منظوری، قانونی تقاضوں کی تکمیل اور دیگر اختتامی رسمی کارروائیوں کی تعمیل سے مشروط ہے۔

شیل پاکستان لمٹیڈ انڈسٹری کے منافع میں اضافے اور بلیک مارکیٹ کی سرگرمیوں سے نمٹنے کے لیے ٹھوس اقدامات کرنے کی غرض سے حکومت کے حالیہ فیصلے کو سراہتے ہوئے اس کا خیر مقدم کرتا ہے، جس کا مقصد کرنسی کو مستحکم کرنا ہے۔

موبلٹی بزنس 27 نئی سائٹس متعارف کرانے اور اپنے موجودہ نیٹ ورک کو جدید بنانے کے ساتھ محفوظ طریقے سے ایندھن بھرنے، آسان ادائیگی کے حل کو فروغ دینے اور کسٹمر کی مرکزیت پر مبنی پروگرامز متعارف کرانے کے علاوہ ملک بھر میں صارفین کے لئے بہترین کسٹمر ویلیو کی پیشکش جاری رکھے ہوئے ہے۔ شیل لیوبریکنٹس صنعت میں درپیش کے چیلنجوں کے باوجود اپنا مارکیٹ شیئر برقرار رکھے ہوئے ہے۔

شیل تعمیر نوجوان کاروباری افراد کو ہنر مند بنانے اور ان کی پہچان کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ پاکستان بھر کی جامعات اور انکیوبیشن سینٹرز میں لرننگ سیشنز منعقد کیے گئے جن میں 560 اسٹارٹ اپس سمیت 700 سے زائد افراد کو تربیت دی گئی۔ شیل تعمیر نے 10 ویں تعمیر ایوارڈز کا جشن بھی منایا جس میں 400 سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں تھیں۔ اس تقریب میں 6 فاتحین اور 6 رنرز اپ کا اعلان کیا گیا تھا۔

شیل پاکستان لمٹیڈ آپریشنل برتری، سیفٹی پرفارمنس، اپنی مالیاتی پوزیشن کو مضبوط بنانے اور معاشرے میں ذمہ دارانہ کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

☆☆☆